☆ قرآنی معاشیات پر ادبیات کا جائزہ۔

☆ سورۂ بقرہ کی معاشی آیات اور ان کا باہمی ربط۔

☆ قرآنی معاشیات کی جدید ترین تعبیریں: بیسویں صدی کے اواخر اور اکیسویں صدی کے آغاز میں سامنے آنے والے ترجموں اور تفاسیر میں قرآنی اقتصادی مفاہیم کی تعبیریں۔

☆ قرآن کی معاشی تعلیمات پیش کرنے میں بدلتی ہوئی ترجیحات۔

☆ سید قطب، مودودی اور قرضاوی کے بعد آنے والے مفکرین و دانشوروں کے نزدیک قرآنی معاشی اصطلاحات مفاہیم اور تعلیمات کی تعبیریں وتفسیریں۔

قرآن کا ایک جامع موسوعہ (انسائیکلوپیڈیا) تیار کرنے کا منصوبہ:

Society For Quranic Studies (اسلام آباد، پاکستان) نے قرآن مجید کا ایک جامع انسائیکلوپیڈیا تیار کرنے کا منصوبہ تشکیل دیا ہے اور اس پر کام شروع ہو چکا ہے۔ یہ انسائیکلوپیڈیا سات جلدوں اور پانچ ہزار صفحات پر مشتمل ہوگا۔ اس میں ۶۶۰ مقالات شامل ہوں گے۔ ان مقالات کو تحریر کرنے کے لیے مسلم دنیا اور دیگر مما لک میں مقیم ایسے مسلم اسکالرس کو منتخب کیا گیا ہے جو بین الاقوامی سطح پر قابل قبول تعلیمی اسناد کے حامل ہیں اور اسی معیار کی تحقیق پر مبنی مطبوعات پیش کر چکے ہیں۔

ڈاکٹر مظفر اقبال اس انسائیکلوپیڈیا کے جنرل ایڈیٹر ہیں، ان کے شریک ایڈیٹرس مندرجہ ذیل ہیں: ڈاکٹر عفیفی الاکیتی (آکسفورڈ یونیورسٹی)، ڈاکٹر محمد اکرم ندوی (آکسفورڈ یونیورسٹی)، ڈاکٹر محمد الغزالی (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد)، ڈاکٹر جبریل فواد حداد (برونائی دار السلام کے معروف اسکالر اور مؤلف)، ڈاکٹر عدی سیتیا (بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، ملیشیا) اور ڈاکٹر عبداللہ بن حامد علی (زیتونہ انسٹی ٹیوٹ، کیلیفورنیا)۔ ڈاکٹر باسط کریم اور ڈاکٹر زکریا الخطیب معاون ایڈیٹر ہوں گے۔ محمد عیسیٰ ولی (برٹش لائبریری، لندن) مقالات کی ادبی ادارت کے ذمہ دار ہوں گے۔

(اخبار تحقیق، اسلام آباد، جنوری - مارچ ۲۰۱۰ء)